نسلی مساوات کے فروغ کے لیے

موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

محکمہ امیگریشن

محکمہ امیگریشن بغیر کسی تفریق کے معیاری خدمات فراہم کرے گا اور عوام کے ہر فرد کے ساتھ کسی معذوری، جنس، ازدواجی حیثیت، حمل، خاندانی حیثیت، نسل، شہریت اور مذہب سے بالاتر ہو کو عزت، مروت اور شفقت سے پیش آئے گا۔

متعلقہ خدمات

- یہ محکمہ نقل مکانی (امیگریشن) کا نظم و نسق چلانے پر مامور ہے اور عوام کی روز مرہ زندگی سے متعلق بنیادی خدمات، مثلاً ذاتی دستاویزات، شہریت اور ہانگ کانگ ایس اے آر کے رہائشیوں کو ہانگ کانگ سے باہر معاونت فراہم کرنے پر کاربند ہے۔

موجودہ اقدامات

- محکمہ اپنی خدمات کی فراہمی میں چینی اور/یا انگریزی کا استعمال کرتا ہے۔
- محکمہ عوام کے لیے معلوماتی پرچہ جات اور درخواست کے فارم چینی اور/یا انگریزی میں پرنٹ کرتا ہے۔ محکمہ جاتی ویب سائٹ پر معلومات چینی اور انگریزی دونوں میں موجود ہے۔ جہاں مناسب اور ممکن ہو، کچھ معلومات (مثال کے طور پر رہنمائی کے لیے ہدایات، فارم، انفرادی حقوق کے اطلاع نامے، وغیرہ) حوالے کے لیے دیگر زبانوں میں بھی ترجمہ کیے جاتے ہیں۔
- جہاں مناسب اور ممکن ہو، محکمہ ترجمان کی خدمات کی فراہمی کا اہتمام کرے گا۔
- نقل مکانی (امیگریشن) کا نظم و نسق چلانے کے لیے، امیگریشن کا عملہ یقینی بنائے گا کہ مختلف النسل کے لوگوں سے بات چیت موثر طریقے سے ہو۔ مسافروں کو ہانگ کانگ میں داخلے سے انکار کی صورت میں، ان کو پیش کیے جانے والے اطلاع نامے مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں، تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ مختلف النسل کے لوگ جنہیں داخلے سے انکار کیا گیا ہے اپنے متعلق امیگریشن کی پالیسیوں کو سمجھ جائیں۔

- محکمہ مساوی مواقع اور نسلی تفریق کے قانون سے متعلق امور کے سلسلے میں اپنے عملے کی تربیت کا اہتمام کرتا ہے۔
- محکمہ مختلف ذرائع، بشمول مباحثوں، ملاقاتوں اور تربیتی پروگراموں وغیرہ کے ذریعے مختلف النسل کے بچوں اور نوجوانوں کو شاملِ حال رکھتا ہے۔

مستقبل کے امور کا جائزہ

- محکمہ وقتاً فوقتاً، عوام اور عملے کی آراء اور تجویزات کو زیر غور لاتے ہوئے، اپنی خدمات پر نظر ثانی کرتا رہے گا تاکہ جہاں ضروری اور مناسب ہو ہم اپنی خدمات میں مزید بہتری لا سکیں۔ مختلف النسل کے خدمات کے صارفین کی ضروریات کو بہتر انداز میں سمجھنے کے لیے، محکمہ "ترجمان/ترجمہ خدمات کی ضرورت" اور "ترجیحی زبان" (چینی اور انگریزی کے علاوہ) کے متعلق معلومات بھی اس نقطہ نظر سے اکٹھی کرے گا کہ خدمات کے صارفین کی عوامی خدمات تک مساوی رسائی کی نگرانی کی جاسکے اور خدمات کی فراہمی میں مسلسل بہتری کو یقینی بنایا جاسکے۔

نسلی مساوات کے فروغ میں موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات سے متعلق پوچھ گچھ کے لیے، برائے مہربانی مندرجہ ذیل ذرائع کے ذریعے چیف امیگریشن آفیسر (مینجمنٹ آڈٹ) محترمہ چُنگ وائی مین، جینیفر سے رابطہ کیجیے۔

ٹیلی فون نمبر : 2829 4142 یا 2829 4141 ؛یا

فیکس نمبر : 2827 0662؛یا

ای میل : enquiry@immd.gov.hk ؛یا

ڈاک کا پتہ : امیگریشن ٹاور، 7 گلوسیسٹر روڈ، وان چائی، ہانگ کانگ

محکمہ امیگریشن

فروری 2024